سندھ ایکٹ نمبر VII مجریہ ۲۰۰۶

SINDH ACT NO.VII OF 2006

لیاقت اور ڈائو میڈیکل اور ہیلتھ سائنسز یونیورسٹیز (ترمیم) ایکٹ، ۲۰۰۶

THE LIAQUAT AND DOW MEDICAL AND HEALTH SCIENCES UNIVERSITIES (AMENDMENT) ACT, 2006

(CONTENTS) فہرست

تمہید (Preamble)

دفعات (Sections)

1. مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

2. ۲۰۰۱ کے سندھ آرڈیننس VIII کی ترمیم

Amendment of Sindh Ordinance VIII of 2001

3. ۲۰۰۴ کے سندھ ایکٹ X کی ترمیم

Amendment of Sindh Act X of 2004

سندھ ایکٹ نمبر VII مجریہ ۲۰۰۶

SINDH ACT NO.VII OF 2006

لیاقت اور ڈائو میڈیکل اور ہیلتھ سائنسز یونیورسٹیز (ترمیم) ایکٹ، ۲۰۰۶

THE LIAQUAT AND DOW MEDICAL AND HEALTH SCIENCES UNIVERSITIES (AMENDMENT) ACT, 2006

[۲۲ دسمبر، ۲۰۰۶]

ایکٹ جس کے ذریعے لیاقت یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز آرڈیننس، ۲۰۰۱ اور ڈائو یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز ایکٹ، ۲۰۰۴ میں مزید ترمیم کی جائیگی۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ لیاقت یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز آرڈیننس، ۲۰۰۱ اور ڈائو یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز ایکٹ، ۲۰۰۴ میں مزید ترمیم کرنا ضروری ہو گیا ہے، جو اس طرح ہو گی؛

اس کو اس طرح عمل میں لایا جائیگا:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and

1.(1) اس ایکٹ کو لیاقت اور ڈائو میڈیکل اور ہیلتھ سائنسز یونیورسٹیز (ترمیم) ایکٹ، ۲۰۰۶ کہا جائیگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

commencement

2. لیاقت یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز آرڈیننس، ۲۰۰۱ میں:

۲۰۰۱ کے سندھ آرڈیننس VIII کی ترمیم
Amendment of Sindh Ordinance VIII of 2001

(i) دفعہ ۱۳ میں، ذیلی دفعہ (1) کے لیئے مندرجہ ذیل متبادل ہوگا:
"(1) وزیر صحت یونیورسٹی کا پرو چانسلر ہوگا"؛

(ii) دفعہ ۱۴ میں ذیلی دفعہ (۱) کے لیئے مندرجہ ذیل متبادل ہوگا:
"(1) کوئی شخص جس کا میڈیکل بیک گرائونڈ ہو وہ چار سال کی مدت کے لیئے ایسی شرائط اور ضوابط کے تحت وائس چانسلر مقرر کیا جائے گا، جیسا چانسلر طئے کریں اور چانسلر کی مرضی سے عہدہ رکھ سکتا ہے۔"

(iii) دفعہ ۱۶ میں، ذیلی دفعہ (1) کے لیئے مندرجہ ذیل متبادل ہوگا:
"رجسٹرار یونیورسٹی کا کل وقتی عملدار ہوگا اور سنڈیکیٹ کی جانب سے ایسے شرائط اور ضوابط کے تحت مقرر کیا جائے گا، جیسا وہ طئے کریں"؛
اور

(iv) دفعہ ۱۹ کی ذیلی دفعہ (1) میں "صوبائی آڈٹ محکمہ" کے لیئے لفظ "سنڈیکیٹ" متبادل ہوگا۔

3. ڈائو یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز ایکٹ، ۲۰۰۴ میں:

4. ۲۰۰۴ کے سندھ ایکٹ X کی ترمیم
Amendment of Sindh Act X of 2004

(i) دفعہ ۱۱ کو اس دفعہ کی ذیلی دفعہ (1) طور دوبارہ نمبر دیا جائیگا اور اس کے بعد مندرجہ ذیل نئی دفعہ شامل کی جائیگی:
"(۲) چانسلر کی غیر حاضری یا کسی اسباب کی وجہ کام سے مجبوری کی صورت میں پرو چانسلر تمام اختیار استعمال کرینگے اور چانسلر کی تمام

ذمے داریاں ادا کرینگے''؛

(ii) دفعہ ۱۲ میں، ذیلی دفعہ (1) کے مندرجہ ذیل متبادل ہوگا:

''(1) کوئی شخص جس کا میڈیکل بیک گرائونڈ ہو وہ چانسلر کی جانب سے چار سالوں کی مدت کے لیے ایسے شرائط اور ضوابط کے تحت وائس چانسلر مقرر کیا جائے گا، جیسا چانسلر طئے کریں اور چانسلر کی مرضی سے عہدہ رکھ سکتا ہے۔''

(iii) دفعہ ۲۰ کی ذیلی دفعہ (۲) میں، الفاظ ''پرو وائس چانسلر'' کے لیئے لفظ ''وائس چانسلر'' متبادل ہونگے؛ اور

(iv) دفعہ ۲۲ کی ذیلی دفعہ (1) میں°:

(a) شق (xi) میں، آخر میں آنے والے لفظ ''اور'' کو سیمی کولن سے تبدیل کیے جائینگے؛ اور

(b) شق (xii) میں، آخر میں آنے والے فل اسٹاپ کو سیمی کولن اور لفظ ''اور'' سے تبدیل کیئے جائینگے اور اس کے بعد مندرجہ نئی شق شامل کی جائیگی:

''(xii) ایک عالم اور ایک نامور عورت جو کسی تعلیمی ادارے میں ملازمت نہ کرتی ہو چانسلر کی جانب سے نامزد کیئے جائینگے۔''

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جاسکتا۔